سورۃ القارعۃ (101)

(مکی — کل آیات 11)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡقَارِعَۃُ (1)

کھڑکھڑانے والی۔

مَا الۡقَارِعَۃُ (2)

وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے۔

وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا الۡقَارِعَۃُ (3)

اور آپ کو کیا خبر کہ وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے۔

یَوۡمَ یَکُوۡنُ النَّاسُ کَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ (4)

جس دن لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔

وَتَکُوۡنُ الۡجِبَالُ کَالۡعِہۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ (5)

اور پہاڑ رنگی ہوئی دھنی ہوئی اون کی طرح ہوں گے۔

فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِیۡنُہٗ (6)

تو جس کے اعمال (نیک) تول میں زیادہ ہوں گے۔

فَہُوَ فِیۡ عِیۡشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ (7)

تو وہ خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔

وَاَمَّا مَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِیۡنُہٗ (8)

اور جس کے اعمال (نیک) تول میں کم ہوں گے۔

فَأُمُّهُۥ هَاوِيَةٌ (9)

تو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔

وَمَآ أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ (10)

اور آپ کو کیا معلوم کہ وہ کیا چیز ہے۔

نَارٌ حَامِيَةٌ (11)

وہ دہکتی ہوئی آگ ہے۔